# سوال

(726) کیا صحابہ کرام نے اجتماعی دعا کی تھی؟

# جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہاتھ اٹھا کر اجتماعی دعا کے بارے میں صحابہ رضی اللہ عنہم کرام کا کیا معمول رہا؟

---

## الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فرض نماز کے بعد اجتماعی دعا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ثابت نہیں۔ ہاں! البتہ دوسرے موقعہ پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرماتھے، کہ عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ نے عرض کی، کہ آپ نے تو اس امت کو تباہی کے کنارے پر لا کھڑا کیا ہے۔ لہٰذا آپ اور دوسرے لوگ بھی آپ کے ساتھ توبہ کریں۔ علقمہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے، کہ آپ نے قبلہ رُخ ہو کر ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: 'اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَستَغفِرُکَ وَاَتُوبُ اِلَیکَ' طبقات ابن سعد: ۳ ٦٩" اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ ہاتھ اٹھائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 630

### محدث فتویٰ